ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان شاہینز بمقابلہ زمبابوے اے۔

کوئکوے، 3 مئی 2023:

محمد حریرہ اور عمیر بن یوسف کی شاندار سنچریوں کی بدولت پاکستان شاہینز نے زمبابوے اے کے خلاف کوئکوے اسپورٹس کلب میں کھیلے جانے والے چار روزہ میچ کے پہلے دن 352 رنز بنائے تھے اور اس کے 2 کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔

جب پہلے دن کھیل ختم ہوا تو عمیر بن یوسف 161 اور کامران غلام 5 رنز پر ناٹ آؤٹ تھے۔

اس سے قبل محمد حریرہ 178 رنز کی اہم اننگز کھیل کر آؤٹ ہوئے۔

عمیر بن یوسف کی اننگز میں 16 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

زمبابوے اے کے کپتان روئے کایا نے ٹاس جیت کر پاکستان شاہینز کو بیٹنگ دی۔ مہمان ٹیم کو دوسرے ہی اوور میں نقصان اٹھانا پڑا جب کپتان عمران بٹ 3 رنز بنا کر فراز اکرم کی گیند پر آؤٹ ہوگئے۔

محمد حریرہ اور عمیر بن یوسف مکمل طور پر زمبابوے اے کی بولنگ پر حاوی رہے۔

زمبابوے اے کے کپتان نے اپنے علاوہ دیگر سات بولرز کو آزمایا لیکن کوئی بھی بولر ان دونوں بیٹرز کو پریشان نہ کرسکا۔

حریرہ اور عمیر نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 339 رنز کا اضافہ کیا۔

یہ شراکت محمد حریرہ کی وکٹ گرنے پر ختم ہوئی جو 188 گیندوں پر 178 رنز بنا کر وکٹر نیاؤکی کی گیند پر آؤٹ ہوئے۔ ان کی اننگز میں 14 چوکے اور 6 چھکے شامل تھے۔

میچ کا مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز۔352 رنز 2 کھلاڑی آؤٹ۔ محمد حریرہ 178۔ عمیر بن یوسف 161 ناٹ آؤٹ۔ کامران غلام 5 ناٹ آؤٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial